# 668 ـ کیا مرد کواس کی بیوی کی غلط کاری کی خبردی جائے

**سوال**

کسی کی بیوی کوزنا کرتے ہوئے دیکھا توکیا اس کے خاوند کوبتانا واجب ہے ؟

**پسندیدہ جواب**

الحمد للہ.

ہم نے یہ سوال فضیلۃ الشیخ عبداللہ بن جبرین حفظہ اللہ تعالی کے سامنے پیش کیا توان کا جواب تھا :

جب وہ اس پر اصرار کرے اوراسے نصیحت بھی کی جائے لیکن وہ اس سے توبہ نہ کرے ، تو اس حالت میں ہمارے خیال میں اس کے خاوند کوبتانا واجب ہے ، تا کہ وہ اس کے عصمت اوربستر کوفساد میں مبتلانہ کردے ۔

واللہ تعالی اعلم .